17-07-2024 WEDNESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست میں کسانوں کے زرعی قرضہ جات معاف کرنے کی اسکیم کو تین مرحلوں میں نافذ کیا جائے گا جبکہ ایک لاکھ روپئے تک کا قرض کل شام تک معاف کیا جائے گا۔

☆آبپاشی کے وزیر اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ اہم آبپاشی پراجکٹس کو اس سال کے اختتام تک مکمل کرلیا جائے گا۔

☆تلنگانہ میں اساتذہ کی جائیدادوں پر تقررات کیلئے ڈی ایس سی آن لائن امتحانات کا کل سے آغاز ہوگا۔

☆تلنگانہ کے مختلف اضلاع میں آئندہ تین دن کے دوران شدید بارش ہوگی۔

☆☆☆☆☆

نائب وزیراعلیٰ و وزیر توانائی ملو بھٹی وکرما آرکا نے آج عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ اڈیشہ میں سنگارینی کالریز کمپنی لمیٹیڈ کو مختص کردہ نائنی کول بلاگس کو شروع کرنے کیلئے چار ماہ کے اندر اقدامات کیے جائیں۔ نائب وزیراعلیٰ نے نائنی کول بلاگ کے معاملہ پر محکمہ توانائی اور سنگارینی کے سینئر عہدیداروں کے ساتھ ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔انہوں نے کہا کہ اڈیشہ کے وزیراعلیٰ موہن چند ماجھی، نائنی کول بلاگ کو شروع کرنے کیلئے تلنگانہ حکومت کو تمام تر مدد فراہم کرنے کا تیقن دے چکے ہیں لہذا کاموں کو جس قدر جلد ہوسکے شروع کرنے کی ضرورت ہے۔اس موقع پر توانائی کے سکریٹری رونالڈ روس، سنگارینی سی ایم ڈی بلرام، اسپیشل سکریٹری کرشنا بھاسکر، محکمہ توانائی کے او ایس ڈی سریندر ریڈی اور دیگر سینئر عہدیدار موجود تھے۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد کے علاقہ جواہر نگر میں آوارہ کتوں کے حملے میں دو سالہ ایک بچہ کی المناک موت کے واقعہ کے ضمن میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ مستقبل میں اس طرح کے واقعات کو روکنے کیلئے فوری طور پر اقدامات کیے جائیں۔سی ایم نے عہدیداروں سے یہ بھی کہا کہ ایک کال سنٹر یا ٹال فری نمبر قائم کیا جائے تا کہ شہری آوارہ کتوں کے معاملہ میں رپورٹ کرسکیں اور اس سلسلہ میں سخت کاروائی کو یقینی بنایا جاسکے۔وزیراعلیٰ نے آوارہ کتوں کے حملوں کے واقعات کی وجہ جاننے اور اس مسئلہ کو حل کرنے کیلئے ماہرین کی ایک کمیٹی قائم کرنے کی بھی تجویز رکھی اور کہا کہ اس کمیٹی میں رضا کارانہ تنظیموں کے نمائندوں، محکمہ وٹرنری کے عہدیداروں اور بلو کراس کے ذمہ داروں کو شامل کیا جانا چاہئے۔اسی دوران ضلع جگتیال سے بھی اسی کے ایک اور واقعہ کی اطلاع موصول ہوئی جہاں آوارہ کتوں نے موضع منگیلا میں سات سالہ ایک بچہ پر حملہ کردیا جس کے نتیجہ میں وہ شدید زخمی ہوگیا۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ میں اساتذہ کی مخلوعہ جائیدادوں پر تقررات کیلئے ڈی ایس سی آن لائن امتحانات کا کل سے آغاز ہوا۔گیارہ ہزار چھ سو باسٹھ عہدوں کیلئے جملہ دو لاکھ 79 ہزار درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔کل شام تک دو لاکھ چالیس ہزار 727 امیدواروں نے اپنے ہال ٹکٹس ڈاؤن لوڈ کرلئے۔ڈی ایس سی امتحان صبح کے سیشن میں تلگو میڈیم میں اسکول اسسٹنٹ کی جائیدادوں کیلئے ہوگا جبکہ دوپہر کے سیشن میں ہندی، انگلش، اردو، کنڑ اور تلگو میڈیم کی جائیدادوں کیلئے امتحان ہوگا۔اسی طرح سکینڈری گریڈ ٹیچر کے پوسٹ کیلئے 19 جولائی کو صبح اور دوپہر کے سیشنوں میں امتحان ہوں گے۔امتحانات کا اختتام پانچ اگست کو ہوگا۔پہلی مرتبہ ٹیچر کے تقررات کے یہ امتحانات کمپیوٹر کے اساس پرٹسٹ کے طریقہ کار سے منعقد کیے جائیں گے۔محکمہ تعلیم کی جانب سے ریاست بھر میں پچاس سے زائد مراکز قائم کیے گئے ہیں۔

☆☆☆☆☆

ٹسکو کمپنی نے ضلع راجنا سرسلہ ٹکسٹائیل انڈسٹری کو 9.5 کروڑ روپئے مالیتی ملبوسات کی تیاری کا آرڈر دیا ہے۔ڈسٹرکٹ ہینڈلوم اور ٹیکسٹائیل کے آفیسر ساگر نے کہا کہ سرسلہ کی پاورلوم انڈسٹری کو اٹھارہ لاکھ میٹر ملبوسات پر مشتمل آرڈر موصول ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس آرڈر کو پورا کرنے کیلئے ملازمین دو ماہ تک کام کریں گے۔

☆☆☆☆☆

شہر حیدرآباد میں بارش کا پانی جمع ہونے کے مسئلہ سے نمٹنے کیلئے مانسون ایمرجنسی ٹیموں کو چوکس رکھا گیا ہے۔ اس سلسلہ میں جی ایچ ایم سی کے کمشنر نے آن فیلڈ ٹیموں کو احکام جاری کئے ہیں کہ جہاں بھی پانی جمع ہو فوری اقدامات کیے جائیں۔ بعض ٹیموں کو نشاندہی کردہ بعض مقامات پر مقرر کیا گیا ہے جہاں عوام کی سہولت کیلئے بیانرس بھی لگائے گئے ہیں۔ پانی جمع ہونے والے مخصوص مقامات پر ضروری آلات سے لیس گاڑیاں بھی تیار رکھی گئی ہیں۔ جی ایچ ایم سی حدود میں جملہ 254 مانسون ایمرجنسی ٹیمیں اور 238 اسٹاٹیک ٹیموں کو مقرر کیا گیا ہے۔ کمشنر نے عہدیداروں کو بھی اس بات کی ہدایت دی کہ ڈرین اور سڑکوں کو فوری طور پر صاف کردیا جائے۔

☆☆☆☆☆

خلیج بنگال میں بنا ہوا کم دباؤ والا علاقہ کمزور پڑ گیا ہے تاہم محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ اس ماہ کی 19 تاریخ سے خلیج بنگال میں ہوا کے کم دباؤ کا ایک اور علاقہ بن سکتا ہے۔ محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ تلنگانہ میں آئندہ تین تا چار دن کے دوران شدید سے انتہائی شدید بارش ہوسکتی ہے۔ اس سلسلہ میں مختلف اضلاع کیلئے ارینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ امکان ہے کہ تلنگانہ کے مشرقی وشمالی اضلاع میں بیس سنٹی میٹر تک بارش ہوسکتی ہے۔ محکمہ موسمیات نے عوام کو مشورہ دیا ہے کہ احتیاطی تدابیر اختیار کریں کیوں کہ تیز ہوائیں چلنے کے نتیجہ میں درخت گرنے، برقی کھمبوں کو نقصان پہنچنے کے علاوہ نشیبی علاقوں میں پانی جمع ہونے کا امکان ہے۔

☆☆☆☆☆

آج یوم عاشورہ منایا جارہا ہے۔ یہ دن آنخضرتؐ کے نواسہ حضرت امام حسینؓ کی کربلا میں ہوئی شہادت کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ ریاست کے مختلف مقامات پر مسلمان بالخصوص شیعہ برادری کی جانب سے علموں کے ساتھ جلوس نکالے گئے۔ شہر حیدرآباد کے پرانے شہر میں روایتی بی بی کا علم جلوس نکالا گیا۔ یہ جلوس ایک ہاتھی پر نکالا جاتا ہے۔ جلوس شہر کے مختلف مقامات سے گذرتا ہوا آج شام تقریباً سات بجے چادرگھاٹ کے قریب پہنچ کر ختم ہوگا۔ اس کے علاوہ یہ جلوس رانی گنج سکندرآباد کے قریب حسین ساگر جھیل کے کنارہ واقع کربلا میدان میں بھی نکالا جاتا ہے۔ پولیس کی جانب سے حیدرآباد وسکندرآباد کے مختلف مقامات پر ٹرایفک پابندیاں نافذ کی گئی ہیں۔

☆☆☆☆☆

ریونیو کے وزیر سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کسانوں کے لئے دو لاکھ روپئے تک کے زرعی قرضہ جات کو معاف کرتے ہوئے ناممکن کو ممکن کردکھایا ہے۔ ریونت ریڈی کے اس فیصلہ کو انقلابی قرار دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مالی مسائل کے باوجود موجودہ حکومت نے کسانوں سے کیا گیا اپنا وعدہ پورا کیا ہے۔

☆☆☆☆☆

آبپاشی کے وزیر اتم کمار ریڈی نے کہا کہ انہوں نے حکومت سے اپیل کی ہے کہ ریاست کے مجوزہ بجٹ میں محکمہ آبپاشی کیلئے 28 ہزار کروڑ روپئے بجٹ مختص کیا جائے۔ انہوں نے بتایا کہ اس میں سے آدھی رقم، سابق حکومت کی جانب سے قرضہ جات پر حاصل کردہ انٹرنس کے لئے چلی جائے گی جبکہ آٹھ ہزار کروڑ روپئے نئے پراجکٹس کیلئے درکار رہوں گے۔ اتم کمار نے آج مختلف پراجکٹس پر عہدیداروں کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا اور کہا کہ اہم پراجکٹس کو اس سال کے آخر تک مکمل کرلیا جائے گا۔

☆☆☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست میں کسانوں کے زرعی قرضہ جات معاف کرنے کی اسکیم کو تین مرحلوں میں نافذ کیا جائے گا۔ حیدرآباد میں آج پردیش کانگریس کمیٹی کی ایک میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کل ایک لاکھ روپئے تک کے قرضہ جات معاف کیے جائیں گے جبکہ معاف کردہ رقم کل شام تک استفادہ کنندگان کے بینک اکاؤنٹ میں جمع کرادی جائے گی۔ سی ایم نے وضاحت کی کہ اس ماہ کے آخر تک ڈیڑھ ہزار روپئے کے قرضہ جات جبکہ اگست کے پہلے ہفتہ میں دو لاکھ روپئے تک کہ قرضہ جات معاف کیے جائیں گے۔ ریونت ریڈی نے مزید کہا کہ ان کی حکومت نے گزشتہ سات ماہ کے دوران فلاحی کاموں میں 30 ہزار کروڑ روپئے خرچ کئے ہیں۔ اس اجلاس میں نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرما آرکا، وزراء، ارکان پارلیمنٹ، ارکان اسمبلی اور ارکان کونسل نے بھی شرکت کی۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ حکومت نے آٹھ نئے سرکاری میڈیکل کالجس اور جنرل ہاسپٹلس میں پروفیسرس، اسوسی ایٹ پروفیسرس اور اسسٹنٹ پروفیسرس کے تقررات کی اجازت دیدی ہے۔ یہ تقررات کنٹراکٹ کی اساس پر کیے جائیں گے جس کی مدت 31 مارچ 2025 رہے گی۔ 872 عہدوں پر تقررات کیے جائیں گے۔ مذکورہ کالجوں میں گدوال، نارائن پیٹ، ملوگو، میدک اور قطب اللہ پور بھی شامل ہے۔

☆☆☆☆☆